الیکشن کمیشن آف پاکستان
(شعبہ تعلقات عامہ)
پریس ریلیز

مورخہ 7جون ، 2018ء

الیکشن کمیشن نے تمام ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران ، اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران ،پولنگ افسران کو ہدایات جاری کی ہیں کہ الیکشن ایکٹ 2017ء کےتحت وہ اپنی تعیناتی کے بعد انتظامی طور پر الیکشن کمیشن ماتحت ہیں اس لحاظ سے اپنے فرائض میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی کی صورت میں الیکشن کمیشن کی جانب انصباطی کاروائی عمل میں لائی جائےگی۔

اس ضمن میں الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ آفیسر، ریٹرننگ آفیسر کی تجاویز پر ایگزیکٹیوانجینئر واپڈ خیر پور جوکہ اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر این اے 210 تعینات ہیں اسے فرائض سے غفلت پر معطل کیا ہے ۔

اسطرح اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر این اے 209 ایگزیکٹیو انجینئر بلڈنگ خیر پور، اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر پی پی 40 سیالکوٹ چیف پوسٹ ماسٹر سیالکوٹ اور اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر پی بی 26 کوئٹہ سپرنٹنڈنٹ لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کوئٹہ کو فرائض سے غفلت پر معطل کر دیئے ۔

مزید الیکشن کمیشن نے ان تمام معطل افسران کے خلاف انکوائری کا حکم بھی دے دیا ہے ۔